© rasailojaraid.com



# حضرت مفتی کفایت اللہ دہلوی کا عکس تحریر

## توضیح:

11،12 نومبر 1935ء کو مجلس احرار اسلام ہند کے زیر اہتمام سیالکوٹ میں آل انڈیا احرار کانفرنس منعقد ہوئی۔ جس میں مفتیٔ اعظم ہند حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ دہلوی کو بھی مدعو کیا گیا۔ حضرت مفتیٔ صاحب رحمہ اللہ نے یہ خط 31 اکتوبر 1935ء کو رئیس الاحرار مولانا حبیب الرحمن لدھیانویؒ کے نام تحریر کیا اور اپنی مصروفیات کی بناء پر کانفرنس میں شرکت سے معذرت کا اظہار فرمایا۔ یہ خط یکے از تبرکات اکابر میں سے ہے۔ (مدیر)

الیس اللہ بکاف عبدہٗ

مفتی محمد کفایت اللہ

نمبر ————

مورخہ 31 . 10 . 35 کوچہ چیلاں دہلی

اخی المحترم مولانا حبیب الرحمن صاحب دام مجدہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ — عنایت نامہ نے مسرور فرمایا۔ مگر افسوس کہ سیالکوٹ کانفرنس کی تاریخیں ایسی ہیں کہ ان تاریخوں میں میری حاضری کی کوئی صورت نہیں۔ اسلئے معذرت کرتے ہوئے اس کے ساتھ دعا کرتا ہوں کہ حق تعالےٰ کانفرنس کو کامیاب فرمائے۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہٗ



© rasailojaraid.com